روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
جمعہ 6 جنوری 2006ء 5 ذوالحج 1426 ہجری 6 صلح 1385 ھش جلد 56-91 نمبر 5

اگر رحمت کا علم ہو جائے

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ اگر کافر جان لے کہ اللہ کے پاس کتنی رحمت ہے تو کبھی جنت سے مایوس نہ ہو۔

(صحیح مسلم کتاب التوبہ باب سعة رحمة اللّٰہ حدیث نمبر:4948)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

رحیمیت ہی ایک ایسی صفت ہے جس کے ذریعہ سے باقی تمام صفات پر یقین بڑھتا اور کمال تک پہنچتا ہے۔ وجہ یہ کہ ہم خداتعالیٰ کی رحیمیت کے ذریعے سے اپنی دعاؤں اور تضرعات پر الٰہی فیضوں کو پاتے ہیں اور ہر ایک قسم کی مشکلات حل ہوتی ہیں تو ہمارا ایمان خداتعالیٰ کی ہستی اور اس کی قدرت اور رحمت اور دوسری صفات کی نسبت بھی حق الیقین تک پہنچتا ہے اور ہمیں چشم دید ماجرا کی طرح سمجھ آجاتا ہے کہ خداتعالیٰ درحقیقت حمد اور شکر کا مستحق ہے اور درحقیقت اس کی ربوبیت اور رحمانیت اور دوسری صفات سب درست اور صحیح ہیں۔ لیکن بغیر رحیمیت کے ثبوت کے دوسری صفات بھی مشتبہ رہتی ہیں۔

ظاہر ہے کہ امر مقدم اور ایک بھاری مرحلہ جو ہمیں طے کرنا چاہئے وہ خداشناسی ہے اور اگر ہماری خداشناسی ہی ناقص اور مشتبہ اور دھندلی ہو تو ہمارا ایمان ہرگز منور اور چمکیلا نہیں ہو سکتا۔ اور یہ خداشناسی جب تک کہ رحیمیت کی صفت کے ذریعہ سے ہمارا چشم دید واقعہ نہ بن جائے تب تک ہم کسی طرح سے اپنے رب کریم کی حقیقی معرفت کے چشمہ سے آب زلال نہیں پی سکتے۔ اگر ہم اپنے تئیں دھوکا نہ دیں تو ہمیں اقرار کرنا پڑے گا کہ ہم تکمیل معرفت کے لئے اس بات کے محتاج ہیں کہ خداتعالیٰ کی صفت رحیمیت کے ذریعہ سے تمام شکوک وشبہات ہمارے دور ہو جائیں اور خداتعالیٰ کی رحمت اور فضل اور قدرت کی صفات تجربہ میں آکر ہمارے دل پر ایسا قوی اثر پڑے کہ ہمیں ان نفسانی جذبات سے چھوڑائے جو محض کمزوریٔ ایمان اور یقین کی وجہ سے ہمارے پر غالب آتے اور دوسری طرف رخ کر دیتے ہیں۔ کیا یہ سچ نہیں کہ انسان اس چند روزہ دنیا میں آکر بوجہ اس کے کہ خداشناسی کی پرزور کرنیں اس کے دل پر نہیں پڑتیں ایک خوفناک تاریکی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور جس قدر دنیا اور دنیا کی املاک اور دنیا کی ریاستیں اور حکومتیں اور دولتیں اس کو پیاری معلوم ہوتی ہیں اس قدر عالم معاد کی لذات کی اور خوشحالی حقیقی کی جستجو اس کو نہیں ہوتی۔ اور اگر کوئی نسخہ دنیا میں ہمیشہ رہنے کا نکلے تو اپنے مونہہ سے اس کے کہنے کے لئے طیار رہے کہ میں بہشت اور عالم آخرت کی نعمتوں کی خواہش سے باز آیا۔ پس اس کا کیا سبب ہے؟ یہی تو ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وجود اور اس کی قدرت اور رحمت اور وعدوں پر حقیقی ایمان نہیں۔ پس حق کے طالب کے لئے نہایت ضروری ہے کہ اس حقیقی ایمان کی تلاش میں لگا رہے۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 244)

تقویٰ کا درخت دل میں لگاؤ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

”خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ تقویٰ ایک ایسا درخت ہے جس کو دل میں لگانا چاہئے۔ وہی پانی جس سے تقویٰ پرورش پاتی ہے تمام باغ کو سیراب کر دیتا ہے۔ تقویٰ ایک ایسی جڑ ہے کہ اگر وہ نہیں تو سب کچھ ہیچ ہے اور اگر وہ باقی رہے تو سب کچھ باقی ہے۔ انسان کو اس فضولی سے کیا فائدہ جو زبان سے خدا طلبی کا دعویٰ کرتا ہے لیکن قدم صدق نہیں رکھتا۔ دیکھو میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ آدمی ہلاک شدہ ہے جو دین کے ساتھ کچھ دنیا کی ملونی رکھتا ہے“۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 307)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

حضور انور کا خطبہ عیدالاضحیٰ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ عیدالاضحیٰ مورخہ 11 جنوری 2006ء کو پاکستانی وقت کے مطابق 9:30 بجے صبح ایم ٹی اے پر قادیان سے براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب مطلع رہیں اور استفادہ فرمائیں۔

ماہر امراض قلب کی آمد

محترم میجر جنرل ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب ماہر امراض قلب مورخہ 9 اور 10 جنوری 2006ء کو بوقت صبح 8:00 بجے تا دوپہر 2:00 بجے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ ضرورت مند احباب میڈیکل آؤٹ ڈور سے ریفر کروا کر پرچی روم سے اپنا نمبر حاصل کر لیں۔ بغیر ریفر کروائے ڈاکٹر صاحب کو دکھانا ممکن نہ ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔ وزیٹنگ فیکلٹی (Visiting Faculty) کا اعلان اس ویب سائٹ پر بھی کیا جاتا ہے۔

(www.foh-rabwah.org)

(ایڈمنسٹریٹر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 366

حضرت مسیح موعود کی روحانی قوت

حضرت حکیم محمد حسین صاحب المعروف مرہم عیسیٰ (ولادت 1860ء۔ بیعت 1892ء وفات 28/ اکتوبر 1954ء) رئیس اعظم لاہور حضرت میاں چراغ دین صاحب کے فرزند اکبر تھے۔ آپ نے بیان فرمایا

ہم چار پانچ دوست ہر ہفتہ صحبت صالحین کی غرض سے لاہور سے قادیان جایا کرتے تھے۔ بٹالہ سے قادیان کا قریباً 12 میل کا فاصلہ ہے اگر یکہ نہ ملتا تو پیدل ہی طے ہوتا۔ یہی حال واپسی پر ہوتا۔ ایسی ہی ایک زیارت کے موقعہ کا واقعہ ہے کہ ہم نے واپسی کے لئے حضرت صاحب سے اجازت چاہی تو جواب ملا۔ انتظار کریں۔ میں ایک بہت اہم کتاب لکھ رہا ہوں جو جلد شائع ہونی ہے۔ مسودہ ابھی مکمل نہیں ہوا۔ ہم پریشان ہوئے کہ ریل گاڑی جس پر بٹالہ سے سوار ہونا تھا وہ تو نکل جائے گی۔ ایک یا دو دفعہ یاددہانی کرائی تو ارشاد ہوا کہ انتظار کریں، قریباً تین گھنٹے کے بعد حضرت صاحب تشریف لائے اور کتاب کا مسودہ ہمیں دیتے ہوئے فرمایا کہ جلد واپس جائیں اور فلاں شخص کو دے دیں اور انہیں میری طرف سے جلد چھاپنے کی تاکید کریں۔ اب ہم سب سوچنے لگے کہ گاڑی تو بٹالہ سٹیشن سے چلی گئی ہوگی، ہمیں جلدی کرنے کا کیا فائدہ ہوگا مگر ہمیں اطاعت امام کا پورا پاس تھا۔ اس لئے حضور سے اجازت لے کر ہم فوراً روانہ ہوگئے اور فیصلہ کیا کہ چونکہ جلدی جانے کا حکم ہے اس لئے جوتیاں اتاریں اور دوڑتے ہوئے بٹالہ پہنچے۔ جونہی ہم بٹالہ ریلوے سٹیشن پر آئے تو ریل گاڑی کھڑی نظر آئی۔ پہلے ہم نے خیال کیا کہ شاید یہ گاڑی کہیں اور جانے والی ہو مگر دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ہماری مطلوبہ گاڑی ہی تھی۔ اس کا انجن خراب ہوگیا تھا اور ابھی ابھی ٹھیک ہوا ہے۔ ہم نے ٹکٹ خریدے اور سوار ہوگئے۔ زندہ خدا نے اشاعت حق کی تڑپ کو قبول فرمایا، ریل گاڑی اس وقت تک نہ چلنے دی جب تک مسودہ بردار سوار نہ ہوگئے۔"

("گمنام و بے ہنر" صفحہ 63 تالیف محمد سعید احمد صاحب انجینئر لاہور چھاؤنی۔ اشاعت دسمبر 2005ء)

ایک محیر العقول کشفی واقعہ

حضرت حکیم محمد حسین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود (مرہم عیسیٰ) تین چار سال کے ہوں گے کہ آپ شام کے وقت بھاٹی دروازہ لاہور میں واقع ننھالی مکان میں کنوئیں کی منڈیر پر کھڑے رو رہے تھے قریب تھا کہ اس میں گر جاتے عین اس وقت آپ کے رونے کی آواز آپ کے والد حضرت میاں چراغ دین صاحب کے کان میں کشفی حالت میں سنائی دی حالانکہ وہ اس وقت بھاٹی دروازہ سے بہت دور لنگے منڈی میں تھے۔ انہوں نے عالم کشف میں دیکھا کہ ان کا بیٹا کنوئیں کے اندر ڈول کا رسہ پکڑ کر لٹک رہا ہے کنوئیں میں گرنے والا ہے۔ یہ دیکھتے ہی وہ لنگے منڈی سے بھاٹی دروازہ تک دوڑتے ہوئے پہنچے اور آپ کو لٹکا ہوا اور روتے ہوئے دیکھا اور محبت اور غم سے مخلوط جذبات کے ساتھ دیوانہ وار گود میں اٹھا لیا بعد ازاں اپنی بیگم کے پاس لے گئے اور سارا واقعہ بیان کیا۔ جس پر انہوں نے رب کریم کا بے حد شکر ادا کیا اور اپنے بچے کی اعجازی زندگی پر صدقہ و خیرات بھی بہت کیا۔

("لاہور تاریخ احمدیت" صفحہ 116-117 تالیف مولانا عبدالقادر صاحب فاضل مرحوم طبع اول 20 فروری 1966ء)

باخدا انسان کی سات پشت تک خدا کی رحمت و برکت کا ہاتھ

حضرت مسیح موعود نے فرمایا

"حضرت داؤد زبور میں فرماتے ہیں کہ میں بچہ تھا جوان ہوا۔ جوانی سے اب بڑھاپا آیا مگر میں نے کبھی کسی متقی اور خدا ترس کو بھیک مانگتے نہ دیکھا اور نہ اس کی اولاد کو دربدر دھکے کھاتے اور ٹکڑے مانگتے دیکھا۔ یہ بالکل سچ اور راست ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے بندوں کو ضائع نہیں کرتا اور ان کو دوسرے کے آگے ہاتھ پسارنے سے محفوظ رکھتا ہے (۔) میرا تو اعتقاد ہے کہ اگر ایک آدمی باخدا اور سچا متقی ہو تو اس کی سات پشت تک بھی خدا رحمت اور برکت کا ہاتھ رکھتا اور ان کی خود حفاظت فرماتا ہے"۔

(ملفوظات جلد سوم ص 182)

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

مکرم ہارون الرشید صاحب نمائندہ مینیجر توسیع اشاعت الفضل چندہ جات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں ضلع اوکاڑہ کے دورہ پر ہیں تمام احباب جماعت اور خصوصاً عہدیداران سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ملازمت کے مواقع

واپڈا میں سینئر انسپکٹر، انسپکٹر انٹیلی جنس اور انسپکٹر انٹیلی جنس کلرک کی آسامیاں خالی ہیں۔ ریٹائرڈ آرمی ملازمین جس میں صوبیدار، نائب صوبیدار، نائیک اور نائیک کلرک شامل ہیں درخواستیں دے سکتے ہیں۔ ملازمت کنٹریکٹ کی بنیاد پر ہوگی۔ درخواستیں بنام ڈائریکٹر (انٹیلی جنس) واپڈا 217 واپڈا ہاؤس لاہور مورخہ 20 جنوری 2006ء تک جمع کروا سکتے ہیں۔ مزید تفصیل کیلئے یکم جنوری 2006ء کا اخبار "جنگ" ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت و تجارت)

ولادت

مکرم حنیف احمد صاحب محمود نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم عبدالحلیم شاہد مربی سلسلہ کو دو بیٹیوں کے بعد بیٹے سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے عبدالاول نام عطا فرمایا تھا۔ بچہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ اور مولانا عبدالمنان شاہد مربی سلسلہ مرحوم ولد حضرت میاں خیر الدین صاحب مرحوم رفیق حضرت مسیح موعود کا پوتا ہے۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت و سلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے اور دین کا خادم بنائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم ناصر احمد اعوان صاحب دارالعلوم شرقی تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد محترم صوبیدار (ر) بدر عالم صاحب اعوان سابق امیر جماعت منڈی بہاؤ الدین حال دارالعلوم شرقی ربوہ ابن مکرم چوہدری علی احمد اعوان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود بعمر 82 سال مورخہ 30 دسمبر 2005ء کو وفات پا گئے۔ اسی روز بعد نماز عصر بیت النور دارالعلوم شرقی میں محترم قاری محمد عاشق صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی۔ قبرستان عام میں تدفین کے بعد مکرم ملک عبدالرشید صاحب صدر محلّہ دارالعلوم شرقی نے دعا کروائی۔ مرحوم نے اپنی یادگار 5 بیٹے اور 3 بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے پرجوش داعی الی اللہ تھے اور مختلف جماعتی عہدوں پر خدمت دین کی توفیق پائی۔ مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کیلئے احباب سے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

مکرم عبدالسلام عارف صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ مورخہ 20 دسمبر 2005ء سکول سے واپسی پر میرے چھوٹے بیٹے عزیزی عطاء القاسم کو کنری شہر میں گر جانے کی وجہ سے سر اور چہرے پر شدید چوٹیں آئی ہیں۔ بچے کے سر میں ڈاکٹروں نے ٹانکے لگائے ہیں۔ اب حالت تسلی بخش ہے علاج جاری ہے۔ احباب جماعت سے خصوصی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرمائے۔ بچے کو جلد کامل صحت یابی عطا فرمائے اور بیماری کے بعد کے ہر پہلو سے بداثرات سے محفوظ رکھے۔ آمین

تقریب نکاح و شادی

مکرم سید شبیر احمد ناصر صاحب ولد مکرم سید عبدالسلام شاہ صاحب مرحوم کریم نگر فیصل آباد تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی مکرمہ سیدہ سلطانہ مبشرہ صاحبہ کی تقریب رخصتانہ ہمراہ مکرم مصطفیٰ صادق صاحب ابن مکرم مرتضیٰ صادق صاحب مرحوم آف ناظم آباد کراچی مورخہ 12 نومبر 2005ء کو کریم نگر فیصل آباد میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر نکاح کا اعلان مکرم شیخ مظفر احمد ظفر صاحب امیر شہر و ضلع فیصل آباد نے مبلغ پچاس ہزار روپے حق مہر پر کیا۔ اور دعا کروائی۔ بچی مکرم سید محمد فاضل شاہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے اور بچہ مکرم مفتی محمد صادق صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ شادی دونوں فریقین کیلئے ہر پہلو سے بابرکت اور باسعادت فرمائے اور مثمر بثمرات حسنہ فرمائے۔ آمین

مکرم محمد کلیم صاحب جنجوعہ جرمنی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی ہمشیرہ مکرمہ سمیعہ عفت صاحبہ بنت مکرم محمد سلیم صاحب مرحوم آف محمد آباد اسٹیٹ سندھ حال طاہر آباد ربوہ کے نکاح کا اعلان مکرم گلفام شہزاد صاحب ابن مکرم رشید احمد صاحب مرحوم مدرسہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ سے مبلغ 35 ہزار روپیہ حق مہر پر مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے مورخہ 12 دسمبر 2005ء کو طاہر آباد میں کیا۔ اسی روز رخصتی بھی عمل میں آئی۔ مکرم طاہر احمد محمود صاحب نے دعا کروائی۔ مکرمہ سمیعہ عفت صاحبہ مکرم میاں محمد عبداللہ صاحب آف محمد آباد اسٹیٹ سندھ کی نواسی اور مکرم میاں محمد شریف صاحب مرحوم ربوہ کی پوتی ہے۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے بابرکت بنائے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم فضل احمد شاہد صاحب

تعارف کتاب

''خلافت راشدہ''

حضرت مصلح موعود

1939ء کا جلسہ سالانہ اس پہلو سے خاص اہمیت کا حامل ہے کہ اس جلسہ کے موقع پر جماعت احمدیہ نے ایک خاص خوشی کا اظہار کرتے ہوئے خداتعالیٰ کی حمد کے گیت گائے یہ خاص خوشی حضرت مصلح موعود کی ولولہ انگیز قیادت کے پچیس سال پورے ہونے پر منائی گئی۔ اس پرمسرت تقریب کو ''خلافت جوبلی'' کے نام سے موسوم کیا گیا۔

اس مبارک موقع کی مناسبت سے 28-29 دسمبر 1939ء میں حضرت مصلح موعود نے ایک اہم، تاریخی اور بہت پُر معارف خطاب فرمایا یہ خطاب ''خلافت راشدہ'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس خطاب میں آپ نے مسئلہ خلافت کی تفصیلات کو بیان فرمایا ہے۔ اس حوالے سے آپ نے اپنے لیکچر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قائم ہونے والی خلافت پر اجمالی رنگ میں روشنی ڈالی ہے نیز فرمایا ہے کہ خلافت کے بارہ میں تین مسلک قائم ہوئے۔

1۔ ''خلافت بمعنی نیابت ہے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کا کوئی نائب ہونا چاہئے۔ مگر اس کا طریق یہ ہے کہ مومنوں کی اکثریت کے فیصلہ کے مطابق یا خلیفہ کے تقرر کے مطابق جسے قوم تسلیم کرے وہ شخص خلیفہ مقرر ہوتا ہے۔ اور وہ واجب الاطاعت ہوتا ہے۔ یہ سنی کہلاتے ہیں۔

2۔ حکم خدا کا ہے۔ کسی شخص کو واجب الاطاعت ماننا شرک ہے۔ کثرت رائے کے مطابق فیصلہ ہونا چاہئے اور لوگ آزاد ہیں وہ جو کچھ چاہیں اپنے لئے مقرر کریں۔ یہ خوارج کہلاتے ہیں۔

3۔ انسان امیر مقرر نہیں کرتے بلکہ امیر مقرر کرنا خدا کا کام ہے۔ اسی نے حضرت علیؓ کو امام مقرر کیا اور آپ کے بعد گیارہ اور امام مقرر کئے۔ آخری امام اب تک زندہ موجود ہے۔ مگر مخفی۔

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 489)

1۔ قدرت ثانیہ کی تاریخ

اس لیکچر میں حضرت مصلح موعود نے جماعت احمدیہ میں قدرت ثانیہ کی مختصر تاریخ پر بھی روشنی ڈالی ہے اور بتایا ہے کہ جماعت میں کس طرح قدرت ثانیہ آئی۔ نیز حضرت مولانا حکیم نورالدین کے دور امامت میں منافقین نے کس طرح فتنہ اٹھایا اور خداتعالیٰ نے جماعت کو محفوظ رکھا۔

2۔ حضرت مصلح موعود کا دور

آپ نے اپنے دور کا بھی ذکر فرمایا اور اس دور کا ذکر موقع کی مناسبت سے ضروری بھی تھا اس ضمن میں آپ فرماتے ہیں۔

''جب میری بیعت ہوئی تو اس وقت قادیان میں دو ہزار کے قریب آدمی جمع تھے۔ اور سوائے پچاس ساٹھ کے باقی سب نے میری بیعت کر لی۔''

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 503)

''میری خلافت پر ابھی تین دن بھی نہیں گزرے تھے کہ خداتعالیٰ کے نشانات بارش کی طرح برسنے شروع ہو گئے۔''

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 589)

''وہ پچیس سالہ نوجوان جسے یہ تحقیر سے بچہ کہا کرتے تھے اسے خداتعالیٰ نے ایسی طاقت دی کہ جب بھی کوئی فتنہ اٹھتا ہے اس وقت وہ اسے اس طرح کچل کر رکھ دیتا ہے جس طرح مکھی اور مچھر کو مسل دیا جاتا ہے۔ اور کسی کی طاقت نہیں ہوتی کہ وہ مقابلہ میں دیر تک ٹھہر سکے۔''

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 591)

اس طرح آپ فرماتے ہیں ''وہ کون سا .... مسئلہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعہ اپنی تمام تفاصیل کے ساتھ نہیں کھولا۔ مسئلہ نبوت، مسئلہ کفر، مسئلہ خلافت، مسئلہ تقدیر قرآنی ضروری امور کا انکشاف، .... اقتصادیات .... سیاسیات اور .... معاشرت وغیرہ پر تیرہ سو سال سے کوئی وسیع مضمون موجود نہیں تھا۔ مجھے خدا نے اس خدمت دین کی توفیق دی اور اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعہ سے ہی ان مضامین کے متعلق قرآن کے معارف کھولے جن کو آج دوست دشمن سب نقل کر رہے ہیں۔

مجھے کوئی لاکھ گالیاں دے۔ مجھے لاکھ برا بھلا کہے۔ جو شخص .... کی تعلیم کو دنیا میں پھیلانے لگے گا اسے میرا خوشہ چیں ہونا پڑے گا۔ اور وہ میرے احسان سے کبھی باہر نہیں جا سکے گا۔ چاہے پیغامی ہوں یا مصری ان کی اولادیں جب بھی دین کی خدمت کا ارادہ کریں گی وہ اس بات پر مجبور ہوں گی کہ میری کتابوں کو پڑھیں اور ان سے فائدہ اٹھائیں۔

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 587)

اس طرح آپ خداتعالیٰ کی تائیدات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''............ کا جن دنوں زور تھا لوگ یہ سمجھتے تھے کہ اب جماعت تباہ ہو جائے گی۔ مگر میں نے کہا میں .... کے پاؤں تلے سے زمین نکلتی دیکھتا ہوں اور اس کے تھوڑے دنوں بعد ہی .... کے پاؤں تلے کی زمین نکل گئی اور وہ دنیا میں ذلیل اور رسوا ہو گئے تھوڑا ہی عرصہ ہوا ایک سکھ نے ایک رسالہ لکھا جس میں وہ میرا ذکر کرتے ہوئے لوگوں کو مخاطب کر کے لکھتا ہے کہ تم انہیں خواہ کتنا ہی جھوٹا کہو، ایک بات ایسی ہے جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا اور وہ یہ کہ جن دنوں .... اپنے زور پر تھے اور یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ جماعت احمدیہ کو مٹا کر رکھ دیں گے ان دنوں امام جماعت احمدیہ نے کہا کہ میں .... کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکلتی دیکھ رہا ہوں اور سچی بات یہ ہے کہ ان کی یہ بات بڑی شان سے پوری ہوئی۔ پہلے .... جس تحریک کو بھی اپنے ہاتھ میں لیتے تھے کامیاب ہوتے تھے مگر اب ان کی یہ حالت ہے کہ وہ جس تحریک کو بھی اٹھاتے ہیں اس میں ناکام ہوتے ہیں۔ اسی طرح ارتداد ملکانہ کا فتنہ لے لو۔ رنگیلا رسول کے وقت کی ایجی ٹیشن کو لے لو یا ان بہت سے سیاسی الجھنوں کو لے لو جو اس دوران میں پیدا ہوئیں۔ تمہیں نظر آئے گا کہ ہر مصیبت کے وقت خدا نے میری مدد کی، ہر مشکل کے وقت اس نے میرا ساتھ دیا اور ہر خوف کو اس نے میرے لئے امن سے بدل دیا۔ میں کبھی بھی نہیں سمجھتا تھا کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے ایسا عظیم الشان کام لے گا۔ مگر میں اس حقیقت کو چھپا نہیں سکتا کہ خدا نے میرے وہم اور گمان سے بڑھ کر مجھ پر احسانات کئے۔''

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 588-589)

3۔ آیت استخلاف پر بحث

حضرت مصلح موعود نے آیت استخلاف پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے اور قدرت ثانیہ کے جملہ پہلوؤں کو اس آیت مبارکہ کی روشنی میں اجاگر فرمایا ہے آپ نے اس آیت کی روشنی میں قدرت ثانیہ کے حقیقی مصداق اور مظاہر کی درج ذیل علامات بیان فرمائی۔

1۔ ان مظاہر کو خداتعالیٰ خود کھڑا کرتا ہے۔

2۔ ان کی مدد مامورین کی طرح کرتا ہے۔

3۔ قدرت ثانیہ اس وقت آتی ہے جب مومنوں کی اکثریت ایمان اور عمل صالح پر قائم رہے۔

4۔ قدرت ثانیہ کے مظاہر کے احکام اور خیالات کو اللہ تعالیٰ دنیا میں پھیلاتا ہے۔

5۔ خداتعالیٰ ان کے خوف کی حالت کو امن سے بدل دیتا ہے۔

6۔ چھٹی علامت آپ نے یہ بیان فرمائی۔ ''ان کے دلوں میں خداتعالیٰ غیر معمولی جرأت اور دلیری پیدا کر دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں کسی اور کا خوف ان کے دل میں پیدا نہیں ہوگا۔ وہ لوگوں کے ڈر سے کوئی کام نہیں کریں گے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ پر توکل رکھیں گے اور اسی کی خوشنودی اور رضا کے لئے تمام کام کریں گے۔''

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 541)

آپ نے آیت استخلاف پر کئے جانے والے اعتراضات کا بہت ہی مدلل جواب دیا ہے۔

4۔ قدرت ثانیہ کے لئے دعاؤں کی تلقین

حضرت مصلح موعود نے قدرت ثانیہ کے لئے دعاؤں کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا۔ ''پس اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کی ناشکری مت کرو اور خداتعالیٰ کے الہامات کو تحقیر کی نگاہ سے مت دیکھو بلکہ جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے تم دعاؤں میں لگے رہو تا قدرت ثانیہ کا پے در پے تم میں ظہور ہوتا رہے۔ ...... تم ہر وقت ان دعاؤں میں مشغول رہو کہ خدا قدرت ثانیہ کے مظاہر تم میں ہمیشہ کھڑے کرتا رہے تا کہ اس کا دین مضبوط بنیادوں پر قائم ہو جائے اور شیطان اس میں رخنہ اندازی کرنے سے ہمیشہ کے لئے مایوس ہو جائے۔

تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود نے قدرت ثانیہ کے نزول کے لئے دعاؤں کی جو شرط لگائی ہے وہ کسی ایک زمانہ کے لئے نہیں بلکہ ہمیشہ کے لئے۔ .... پس ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے حضور دعاؤں میں مشغول رہو۔''

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 593)

5۔ مذہب اور نظام حکومت

حضرت مصلح موعود نے اس لیکچر میں قرآنی آیات اور تاریخ سے اس بات کو ثابت فرمایا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ جو دین ہمیں ملا اور جو کتاب آپ پر نازل ہوئی اس میں نظام حکومت کے بارہ میں واضح ہدایات ہیں۔ اس پہلو سے اس کتاب کا مطالعہ کرنے والوں کو متعدد روشن اور راہنما اصول ملتے ہیں کتاب کی اہمیت اور عظمت کو چار چاند لگتے ہیں۔ اور زیر نظر کتاب میں اس مضمون کو بے تعلق نہیں بیان کیا گیا بلکہ اس لئے بیان کیا گیا ہے کہ اسلام کے آغاز میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں اور خلفاء راشدین کے زمانہ میں نظام مملکت اور نظام دینی اکٹھے تھے۔

اس کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود

فرماتے ہیں۔

''ہم دیکھتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں نظام مملکت اور نظام دینی اکٹھے تھے۔ یعنی مذہب کا نظام تو تھا ہی مگر اس کے ساتھ ہی وہ فوجیں بھی رکھتے تھے، ان میں قاضی بھی موجود تھے۔ وہ حدود بھی جاری کرتے تھے وہ قصاص بھی لیتے تھے وہ لوگوں کو عہدوں پر بھی مقرر کرتے تھے۔ وہ وظائف بھی تقسیم کرتے تھے۔ اسی طرح نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کی ادائیگی بھی ان میں بھی جاری تھی گویا، ابتدائے .... میں دونوں قسم کے نظام جمع ہوگئے تھے۔

(انوارالعلوم جلد 15 صفحہ 447)

''غرض جبکہ............ نے حکومت کے تمام شعبوں کے متعلق تفصیلی ہدایات دے دی ہیں تو کوئی شخص نہیں کہہ سکتا کہ مذہب کو ان امور سے کیا واسطہ''۔

(انوارالعلوم جلد 15 صفحہ 457)

حضرت مصلح موعود رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریق حکومت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حکومت کا یہ طریق نہیں تھا کہ آپ کثرت رائے کے مطابق فیصلہ کرتے بلکہ جب کثرت رائے کو مفید سمجھتے تو کثرت رائے کے حق میں اپنا فیصلہ دے دیتے اور جب کثرت رائے کو مضر سمجھتے تو اس کے خلاف فیصلہ کرتے۔''

(انوارالعلوم جلد 15 صفحہ 462)

اسی طرح آیات قرآنیہ کی روشنی میں آپ فرماتے ہیں۔

''غرض حکومت کے جس قدر اختیارات ہوتے ہیں وہ تمام رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے دے دیئے حکومت کا کام بعض باتوں کو حکم دینا ہوتا ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا تعالیٰ یہ حق دیتا ہے کہ حکومت کا کام بعض باتوں سے روکنا ہوتا ہے اللہ تعالیٰ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حق بھی دیتا ہے۔ پھر افراد کی مالی، جانی اور رہائشی آزادی کو حکومت ہی خاص حالات میں سلب کر سکتی ہے۔ چنانچہ اس کا حق بھی اللہ تعالیٰ آپ کو دیتا ہے اور فرماتا ہے تم ان کے مال لے سکتے ہو ٹیکس وصول کر سکتے ہو۔ جانیں ان سے طلب کر سکتے ہو اور جنگ پر لے جا سکتے ہو اسی طرح ملک سے لوگوں کو نکالنے کا اختیار بھی آپ کو دیا گیا۔ پھر قضاء حکومت کا کام ہوتا ہے سو یہ حق بھی اسلام آپ کو دیتا ہے اور آپ کے فیصلہ کو آخری فیصلہ قرار دیتا ہے۔''

(انوارالعلوم جلد 15 صفحہ 466)

6۔ نظام کے متعلق قرآنی اصول

حضرت مصلح موعود نے قرآنی آیات کی روشنی میں نظام کے درج ذیل اصول بیان فرمائے۔

1۔ ''قومی نظام ایک امانت ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کا اثر صرف ایک شخص پر نہیں پڑتا۔ بلکہ ساری قوم پر پڑتا ہے۔ پس اس کے بارہ میں فیصلہ کرتے وقت اپنی اغراض کو نہیں دیکھنا چاہیئے۔ بلکہ قوم کی ضرورتوں اور فوائد کو دیکھنا چاہیئے۔

2۔ اس امانت کی ادائیگی کے لئے ایک نظام کی ضرورت ہے جس کے بغیر یہ امانت ادا نہیں ہو سکتی۔ یعنی افراد فرداً فرداً اس امانت کو پورا کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے بلکہ ضرور ہے کہ اس کی ادائیگی کے لئے کوئی منصرم ہوں۔

3۔ ان منصرموں کو قوم منتخب کرے۔

4۔ انتخاب میں یہ مدنظر رکھنا چاہیئے کہ جنہیں منتخب کیا جائے وہ ان امانتوں کو پورا کرنے کے اہل ہوں اس کے سوا اور کوئی امر انتخاب میں مدنظر نہیں ہونا چاہیئے۔

5۔ جن کے سپرد یہ کام کیا جائے گا وہ امر قومی کے مالک نہ ہوں گے بلکہ صرف منصرم ہوں گے۔

(انوارالعلوم جلد 15 صفحہ 510-511)

اس پُر معارف لیکچر کے مختصر تعارف کے بعد گزارش ہے کہ۔

جملہ احباب اس کتاب کا لفظاً لفظاً مطالعہ کریں۔ وہ لوگ تاریخی حیثیت رکھتے ہیں جو 1939ء میں جوبلی کے جلسہ میں شامل ہوئے اور انہوں نے یہ ایمان افروز اور عالمانہ لیکچر براہ راست حضرت مصلح موعود کی زبان مبارک سے سنا۔ آج بھی ہم اس لیکچر کے مطالعہ سے اپنی، علمی اور روحانی پیاس بجھا سکتے ہیں۔ پس آگے بڑھ کر ان معارف کو پڑھیے اور ان سے اپنے ایمانوں کو جلا بخشیے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ توفیق عطا فرمائے کہ ہم روحانی علوم و معارف کو قیمتی جانتے ہوئے ان کی قدر کرنے والے ہوں۔ آمین

مکرم منصور احمد صاحب امیر ضلع حیدرآباد

میری نانی جان محترمہ فضل بی بی صاحبہ

میری نانی جان محترمہ فضل بی بی صاحبہ کا تعلق کوٹ گوندل ضلع سیالکوٹ سے تھا۔ آپ کی وصیت میں بیعت کا سال 1907ء لکھا ہوا ہے۔ آپ کے دونوں بھائی حضرت چوہدری غلام محمد صاحب گوندل اور حضرت چوہدری علی محمد صاحب گوندل چک نمبر 99 شمالی ضلع سرگودھا رفقاء حضرت مسیح موعود تھے۔ ان کے علاوہ دو بہنیں ریشم بی بی اور رسول بی بی تھیں۔ محترمہ فضل بی بی صاحبہ کی شادی چوہدری حسین خان ججہ صاحب ساکن کوٹ آغا ضلع سیالکوٹ سے ہوئی جو بعد میں چک 99 شمالی ضلع سرگودھا آ گئے، پھر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تحریک پر سندھ میں تحریک جدید کی زمینوں پر چلے گئے اور سندھ کو ہی اپنا مسکن بنا لیا۔

آپ زیادہ پڑھی ہوئی تو نہیں تھیں لیکن خدمت دین کے لئے ہمیشہ وقت نکالتی تھیں۔ رسالہ احمدی خاتون کی خریدار تھیں۔ لجنہ کے اجلاس اپنے گھر پہ بلاتیں۔ بہت سے بچوں کو قرآن کریم پڑھایا رات کا پچھلا حصہ خدا تعالیٰ کے حضور قیام وسجود میں گزارتی تھیں بچے چھوٹے بھی ہوتے تو صفائی ستھرائی کا اس قدر اہتمام تھا کہ عبادات میں تسلسل قائم رہتا۔

اس زمانے میں یہ طریق بھی رائج تھا کہ دیسی گھی جمع کر کے جلسہ سالانہ قادیان کے مہمانوں کے لئے بھجوایا جاتا تھا۔ آپ بطور خاص گھی جمع کر کے اس مقصد کے لئے نظام جماعت کو پیش کرتی تھیں۔ خاندان حضرت مسیح موعود سے بہت زیادہ پیار اور محبت کا تعلق تھا۔ حضرت اماں جان جب سندھ تشریف لاتیں تو ان کے لئے اکثر تحفہ تیار کر کے لے جاتیں۔ میری والدہ محترمہ نے بتایا کہ ایک موقع پر حضرت اماں جان نے فرمایا کہ جوتی مجھے تکلیف دے رہی ہے تو محترمہ نانی جان نے فرمایا کہ میرے والی پہن کر دیکھیں حضرت اماں جان نے فرمایا اس سے مجھے بہت آرام ملا ہے تو نانی جان نے کہا کہ یہ آپ رکھ لیں حضرت اماں جان نے فرمایا آپ میرے والی پہن لیں۔ وہ پاپوش تو محفوظ نہیں لیکن ہم ان بابرکت وجودوں کی برکات سے حصہ پا رہے ہیں۔

مہمان نوازی کا وصف آپ میں بہت نمایاں تھا۔ سادہ سا زمیندار گھرانہ تھا لیکن مہمانوں کی یہی کوشش ہوتی تھی کہ وہیں پہنچ کر ٹھہریں گے اور کھانا کھائیں گے۔ کھانا تو حسب استطاعت ہوتا ہی تھا لیکن سلیقہ شعاری اور صفائی ستھرائی مہمانوں کے لئے باعث تکریم تھی جماعتی کارکنان اور مربیان کا بہت زیادہ احترام کرتی تھیں۔ حضرت مولانا ابراہیم بقاپوری صاحب چک نمبر 99 شمالی ضلع سرگودھا میں بھی کچھ عرصہ رہے۔ محترمہ نانی جان کا ذکر نہایت اچھے الفاظ میں کرتے تھے۔ میں ربوہ میں تعلیم کے دوران جب بھی حضرت مولانا صاحب سے ملاقات کے لئے حاضر ہوتا تو ہر موقع پر محترمہ نانی جان فضل بی بی صاحبہ کے تذکرہ سے بات آگے بڑھتی آپ کے ایک ہونہار فرزند مکرم فیض احمد صاحب جو مدرسہ احمدیہ قادیان میں زیر تعلیم تھے طالب علمی کے زمانہ میں ہی کچھ عرصہ بیمار رہ کر وفات پا گئے آپ نے اس صدمہ پر غیر معمولی صبر کا نمونہ دکھایا۔

مکرم چوہدری عزیز احمد صاحب باجوہ مرحوم جو حیدرآباد کے امیر ضلع بھی رہے اور حضرت چوہدری باغ دین صاحب کے گھرانوں سے گہرے روابط تھے سب آپ کا بہت احترام کرتے تھے۔

غرباء سے بہت حسن سلوک کرتی تھیں اور ان کی ضروریات کا خیال رکھتی تھیں آپ بہت کم گو اور صابر شاکر تھیں کسی کی عیب جوئی یا ناپسندیدہ تذکرہ آپ کے ہاں مفقود تھا اکثر ذکر الٰہی میں مصروف رہتی تھیں۔

موصیہ تھیں لیکن آپ کی تدفین گوٹھ چوہدری سلطان احمد صاحب ضلع حیدرآباد کے مقامی قبرستان میں ہوئی۔ یادگاری کتبہ بہشتی مقبرہ ربوہ میں لگا ہوا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نانی جان مرحومہ کے درجات بلند فرمائے۔ اور ان کی خوبیوں کو آئندہ نسلوں میں جاری فرمائے۔

اجتماعی کردار

ایم طفیل روزنامہ جنگ میں لکھتے ہیں۔

آفات سماوی کے حوالے سے بلاشبہ پاکستانی قوم کا جو اجتماعی کردار سامنے آیا ہے وہ لائق تحسین ہے اور اس پر بحیثیت قوم ہم فخر کر سکتے ہیں تاہم امت مسلمہ ہونے کی حیثیت سے اور قرآن حکیم کی تعلیمات پر مکمل ایمان و یقین رکھنے کے حوالے سے ہمیں قرآن حکیم میں ان قوموں کے ذکر کو پیش نظر رکھنا ہوگا جو آفات سماوی یعنی قحط، سیلاب یا زلزلوں کی صورت میں عذاب الٰہی کا شکار ہوئیں۔ ان میں حضرت شعیبؑ، حضرت نوحؑ اور قوم عاد و ثمود کے واقعات کو قرآن نے عبرت کے طور پر پیش کیا ہے ان قوموں کو جس خوفناک تباہی اور بربادی کا سامنا کرنا پڑا اس کا آج کے دور میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا ان کی تباہی کی صورت یہ تھی کہ ان میں سے کوئی قوم زندہ نہ بچی صرف وہی چند افراد جو حضرت نوح کے ساتھ کشتی میں سوار تھے، یا دوسرے انبیاء کی امتوں کے وہ افراد جو ایمان کی دولت سے بہرہ ور تھے، عذاب الٰہی سے محفوظ رہے۔ جن قوموں پر آفات سماوی کی صورت میں عذاب الٰہی نازل ہوا قرآن حکیم میں ان کی صرف ایک ایک نمائندہ برائی کا ذکر آیا ہے۔ جیسے شعیب علیہ السلام کی قوم ناپ تول میں کمی کی مرتکب ہوئی تھی۔ لوط علیہ السلام کی امت ایک بدترین فحاشی کا شکار تھی اس حوالے سے اگر ہم آج اپنے حالات اور معاشرے میں پائی جانے والی برائیوں کا ایک سرسری سا جائزہ لیں تو یہ کربناک اور المناک حقیقت سامنے آتی ہے کہ سابق قوموں اور امتوں میں پائی جانے والی جن نمائندہ برائیوں کا قرآن حکیم نے تذکرہ کیا ہے وہ تمام و کمال آج ہمارے معاشرے میں موجود ہیں اسلامی تعلیمات سے روگردانی اور ان پر عمل نہ کرنا تو رہا ایک طرف پورا معاشرہ ظلم و ستم اور برائیوں کی آماجگاہ بن چکا ہے اور جن عظیم مقاصد کے لئے یہ نظریاتی ریاست معرض وجود میں آئی تھی اور پاکستان کا مطلب کیا کی صورت میں ہم نے اللہ تعالیٰ سے جو وعدہ کیا تھا آج ہم بطور قوم اس سے منحرف ہو چکے ہیں یہ آفت سماوی اس حوالے سے عذاب الٰہی کی ایک شکل ہے اور پوری قوم کے لئے ایک لمحہ فکریہ بھی ہے۔

(جنگ 16/ اکتوبر 2005ء)

اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

سب دکھ درد کروں گا دور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر
گم تھے نام ہوئے مشہور
خوش ہیں لوگ جو تھے رنجور
مجبوری ، نہ کوئی مجبور
طاعت کے نشے میں چُور
گاتے ہیں الہامِ حضور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

لاتعداد تری تعداد
رکھوں گا تجھ کو آباد
بھیج کے مَیں اپنی امداد
کر دوں گا دشمن برباد
اس نے کہا جو ہے غیّور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

تھوڑا صبر بہاروں تک
کر پیغام ستاروں تک
نام زمیں کے غاروں تک
اور .... کناروں تک
قدرت کو یہ ہے منظور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

حیلوں اور وسیلوں کا
اک انبار دلیلوں کا
دوں گا اصل اصیلوں کا
لشکر ایک وکیلوں کا
جھک جائے گا سر مغرور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

سورج صبح نکلنے تک
اور پھر دن کے ڈھلنے تک
ہر طوفان کے ٹلنے تک
دشمن سوچ پگھلنے تک
طائف ہو یا کوہِ طُور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

لطف لحاظ لٹاؤں گا
برکت بحر بہاؤں گا
تیرے درد بٹاؤں گا
اپنے ہاتھ مٹاؤں گا
فتنے ، فتوے ، فسق ، فجور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

جب ظلّام کا ریلہ تھا
وہ موعود اکیلا تھا
محفل تھی یا بیلہ تھا
میرے ساتھ کا میلہ تھا
مثل مسیحائے پُر نور
اِنِّیْ مَعَکَ یَا مَسْرُوْر

طاہر عدیم ۔ جرمنی

کھیل کھلاڑی

ایک دلچسپ اور سستا کھیل ۔ فریزبی

غلام مصطفیٰ تبسم صاحب

اکثر بچے اور بڑے کھیل کے میدانوں میں یا گلی محلے میں پلاسٹک کی ایک پلیٹ کے ساتھ کھیلتے نظر آتے ہیں۔ایک کھلاڑی اس پلاسٹک کی پلیٹ کو دوسرے کی طرف پھینکتا ہے تو وہ پلیٹ ہوا میں تیرتی ہوئی دوسرے کھلاڑی تک جا پہنچتی ہے۔اس کھیل کو ''فریزبی'' کہتے ہیں۔ ذیل میں اس کھیل کا تعارف پیش کیا جا رہا ہے۔

فریزبی جدید دور کا کھیل ہے جس میں نو سے لے کر گیارہ کھلاڑیوں پر مشتمل دو ٹیمیں حصہ لیتی ہیں۔ کھیل کے دوران ایک ٹیم فریزبی کو مخالف کھلاڑیوں سے بچاتی ہوئی اپنے گول سے دوسرے گول تک لے جاتی ہے۔ زیادہ گول کرنے والی ٹیم جیت جاتی ہے۔ٹاس کے ذریعہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ کھیل کون سی ٹیم شروع کرے گی ٹاس جیتنے والی ٹیم کے فارورڈ کھلاڑی باہم پاسنگ سے کھیل کا آغاز کرتے ہیں۔ کھیل شروع ہونے سے پہلے ٹیموں کے کھلاڑی ایک دوسرے کے ہاف میں داخل نہیں ہو سکتے۔اس کھیل کی نگرانی دو امپائر کرتے ہیں جو اپنے اپنے ہاف میں فیصلہ دینے کے مجاز ہیں۔

میدان کی پیمائش

فریزبی کا میدان سو گز لمبا اور ساٹھ گز چوڑا مستطیل شکل کا ہوتا ہے۔میدان کی سطح ہموار اور گھاس والی ہونی چاہئے۔

کھیل کا علاقہ اور اس کی نشاندہی

گول لائنوں اور سائیڈ لائنوں کی حدود کے اندر کا علاقہ کھیل کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔اگر کسی کھلاڑی سے فریزبی مکمل طور پر سائیڈ لائن سے باہر چلی جائے تو مخالف ٹیم کو ایک پاس ان ملتا ہے۔

سنٹر لائن

یہ لائن میدان کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہے اور اسی لائن سے پہلی مرتبہ کھیل کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اس وقت تمام کھلاڑی اپنے متعلقہ نصف میدان میں اپنی اپنی پوزیشنوں پر رہتے ہیں۔

گول لائن

دراصل میدان کی حد کا کام بھی دیتی ہے اگر گول ہونے کے علاوہ گیند گول لائن پر سے باہر نکل جائے تو درج ذیل طریقوں سے کھیل دوبارہ شروع ہوتا ہے۔

1۔ اگر محافظ ٹیم کا کوئی کھلاڑی غیر ارادی طور پر گول سے پچیس گز سے کم فاصلے سے فریزبی گول لائن سے باہر نکال دے تو حملہ آور کو ایک کارنر ملے گا۔

2۔ اگر محافظ ٹیم کا کوئی کھلاڑی ارادتاً کہیں سے (اپنے حصے پر) فریزبی کو گول لائن سے باہر نکال دے تو مخالف ٹیم کو ایک پنلٹی کارنر ملے گا۔

پچیس گز کی لائن

گول سے پچیس گز کے فاصلے پر اس کے متوازی نقطوں سے بنائی جاتی ہے پنلٹی تھرو کے وقت متعلقہ کھلاڑی کے سوا باقی سب کھلاڑی پچیس گز لائن سے باہر رہتے ہیں۔پنلٹی تھرو کا نشان سفیدی کے ساتھ گول کے منہ کے درمیان سے سات گز کے فاصلے پر لگایا جاتا ہے۔

پاسنگ سرکل

وہ علاقہ کہلاتا ہے جس کی حد بندی گول لائن اور ایک دوسری تین انچ چوڑی مندرجہ ذیل طریقے سے کھینچی ہوئی لائن سے کی جاتی ہے۔گول کے دونوں ستونوں کو مرکز مان کر باری باری دو طرف سولہ سولہ گز کے فاصلے پر گول لائن سے لے کر چار گز والی لائن کے دونوں سروں تک قوس لگا دی جاتی ہے۔جس سے انگریزی حرف ڈی کی شکل بن جاتی ہے۔ اس کو پاسنگ سرکل کہتے ہیں۔گول کے ستون کے سامنے کی طرف اندر والے کونے کو مرکز مانا جاتا ہے۔ پاسنگ سرکل ان مقاصد کی نشاندہی کرتا ہے۔

1۔ اس علاقے کی نشاندہی جس کے اندر سے حملہ آور گول کر سکتا ہے۔ویسے سنٹر لائن تک سے گول کیا جا سکتا ہے۔

2۔ وہ علاقہ جس سے کہ حملہ آور اور محافظ کارنر کے وقت باہر رہتے ہیں۔حملہ آور سرکل لائن سے باہر اور محافظ گول لائن پر سے پاس دینے والا حملہ آور بہر حال دائرے کے اندر رہے گا۔

3۔ وہ علاقہ جس کے اندر سے گول کیپر گول ہونے یا نہ ہونے کی صورت میں پاس دے کر کھیل دوبارہ شروع کرتا ہے۔

جھنڈیاں

چار فٹ سے کم اور پانچ فٹ سے زیادہ اونچی نہ ہوں سنٹر اور پچیس گز لائنوں کے سروں سے کم سے کم ایک گز باہر سب کونوں پر گاڑی جائیں گی۔

گول پوسٹ

گول کے دونوں ستون سات فٹ لمبے چار گز کے فاصلے پر کھڑے کئے جاتے ہیں اور ان کے درمیان جال کس دیا جاتا ہے اس کے علاوہ ہاکی کا گول بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کھیل کے قواعد وضوابط

کھیل کے دوران کسی بھی وقت دو متبادل کھلاڑیوں کے میدان میں آنے کی اجازت ہوتی ہے۔کسی ایسے کھلاڑی کی جگہ متبادل کھلاڑی نہیں آ سکتا جیسے کھلی خلاف ورزی کے نتیجے میں عارضی یا مستقل طور پر کھیل سے خارج کر دیا گیا ہو۔کھیل میں کھلاڑیوں کی ترتیب کو سسٹم کہتے ہیں۔فریزبی ٹیموں میں عام طور پر جس ترتیب پر عمل کیا جاتا ہے۔اس کے مطابق پانچ فارورڈز (آؤٹ سائیڈ لیفٹ ، ان سائیڈ لیفٹ ،آؤٹ سائیڈ رائٹ،ان سائیڈ رائٹ اور سنٹر فارورڈ) ان کے بعد تین ہاف بیکس (رائٹ ہاف، لیفٹ ہاف،سنٹر ہاف) دو بیکس (لیفٹ بیک، رائٹ بیک) اور گول کیپر کھیلتے ہیں۔

کھیل کا مجموعی وقت

کھیل کو وقت کے لحاظ سے پینتیس پینتیس منٹ کے دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ تا ہم مخصوص حالات میں ردوبدل کی گنجائش موجود ہے۔

کھیل کا آغاز

کھیل کا آغاز سنٹر لائن کے بالکل درمیان میں جو ٹیم ٹاس جیت جائے اس کے فارورڈز کھلاڑی باہم پاسنگ سے کرتے ہیں۔کسی حادثے کی صورت میں کھیل کا آغاز متعلقہ امپائر کی تجویز کردہ کسی جگہ سے ہو گا۔ہاف ٹائم کے بعد کھیل سنٹر لائن سے وہ ٹیم پاسنگ سے شروع کرے گی جو ٹاس ہاری تھی۔گول ہونے یا نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ گول کیپر کھیل اپنے گول سے اپنی ٹیم کو پاس دے کر شروع کرے گا۔اگر ایک ٹیم کے کھلاڑی سے فریزبی سائیڈ لائن سے باہر چلی جائے تو دوسری ٹیم کا کوئی کھلاڑی اس سے ملحق سائیڈ لائن سے فریزبی پاس ان (یعنی فریزبی اپنی ٹیم کو پاس) کرے گا۔ پاس ان کے وقت پانچ گز کا فاصلہ پاس ان کرنے والے اور کھلاڑیوں کے درمیان ہونا چاہئے۔

خلاف ورزیوں پر سزا

کارنر۔ اگر کوئی محافظ کھلاڑی غیر ارادی طور پر گول لائن سے پچیس گز سے کم فاصلے سے فریزبی گول لائن سے باہر پھینک دے تو حملہ آور کو کارنر دیا جاتا ہے۔

1۔ کارنر کا پاس حملہ آور ٹیم کی طرف سے عام طور پر ونگ فارورڈ سائیڈ لائن یا گول لائن سے کارنر کی جھنڈی سے پانچ گز کے اندر اندر کسی مقام سے لے گا۔

2۔ کارنر پاس کے وقت حملہ آور ٹیم کے دوسرے کھلاڑی پاسنگ سرکل سے باہر میدان میں رہیں گے۔

3۔ جب تک پاس کی تکمیل نہ ہو جائے محافظ ٹیم کے حریف چھ کھلاڑی دفاع کے لئے اپنی گول لائن کے پیچھے موجود رہیں گے اور باقی سنٹر لائن کے پیچھے۔

4۔ کوئی کھلاڑی پاس دینے والے کھلاڑی کے نزدیک پانچ گز سے کم فاصلے پر کھڑا ہونے کا مجاز نہیں۔

5۔ پاس دینے سے پہلے اگر کوئی محافظ کھلاڑی گول لائن یا سنٹر لائن کراس کرے تو امپائر دوبارہ پاس دلانے کا اختیار رکھتا ہے۔اگر کسی بے ضابطگی کا مسلسل ارتکاب ہوتا رہے تو وہ محافظ ٹیم کے خلاف پینلٹی کارنر بھی دے سکتا ہے۔

6۔ اگر پاس دینے سے بیشتر ہی کوئی حملہ آور سرکل میں داخل ہو جائے تو امپائر دوبارہ پاس دینے کا حکم دے سکتا ہے۔

7۔ کوئی حملہ آور اس وقت تک براہ راست گول نہیں کر سکتا جب تک دوسرے ساتھی کو پاس نہ دے لے۔

گول

گول صرف اس صورت ہی میں ہوگا اگر فریزبی زمین کو چھوئے بغیر براہ راست گول میں داخل ہو۔اگر فریزبی زمین پر لگ کر گول میں داخل ہو تو گول نہیں ہو گا۔گول سنٹر لائن تک سے کیا جا سکتا ہے۔

پنلٹی کارنر

اگر محافظ ٹیم کا کھلاڑی سرکل کے اندر خلاف ورزی کا مرتکب ہو تو اس کے خلاف سزا کے طور پر پینلٹی کارنر یا پینلٹی سٹروک دیا جاتا ہے اس کے علاوہ پچیس گز لائن کے اندر کسی ارادی بے ضابطگی کی صورت میں بھی اس ٹیم کے خلاف پینلٹی کارنر دیا جاتا ہے۔

پنلٹی تھرو

اگر سرکل کے اندر کسی محافظ سے خطرناک خلاف ورزی سرزد ہو تو حملہ آور کو پنلٹی تھرو مل جاتا ہے۔اس کے علاوہ قواعد کی مسلسل خلاف ورزی کی صورت میں سزا کے طور پر محافظ ٹیم کے خلاف دیا جاتا ہے۔یہ کھیل کے دوران اہم ترین سزا ہے۔جس کو یقینی گول تصور کیا جاتا ہے۔اس کے دوران دفاعی ٹیم کا واحد کھلاڑی یعنی صرف گول کیپر ہی گول میں کھڑا ہوتا ہے۔حملہ آور ٹیم کا کوئی ایک کھلاڑی گول کے سامنے سات گز کے فاصلے سے فریزبی کو گول کی طرف پاس کرتا ہے۔پینلٹی سٹروک کا عمل مکمل ہونے تک دونوں ٹیموں کے کھلاڑی قریبی پچیس گز لائن کے باہر رہینگے۔

آف سائیڈ

پنلٹی کارنر پنلٹی سٹروک کھیل کے آغاز کے وقت ۔ پاس ان اور فری پاس کے وقت کوئی کھلاڑی اپنی حدود سے تجاوز کرے تو آف سائیڈ ہوگا۔اگر گول کرتے وقت فریزبی محافظ ٹیم کے کسی کھلاڑی کو پاسنگ سرکل میں لگ کر زمین پر گر جائے تو حملہ آور ٹیم کو آؤٹ آف ڈی دیا جاتا ہے۔جس میں دفاعی اور حملہ آور کھلاڑیوں کی کوئی قید نہیں ہوتی۔لیکن اب آؤٹ آف ڈی کی جگہ پنلٹی کارنر زیادہ استعمال کیا جاتا ہے اور آؤٹ آف ڈی کو تقریباً منسوخ کر دیا گیا ہے۔اگر کسی ایک کھلاڑی کا پاس دوسرے کھلاڑی کے جسم سے ٹکرا کر گر جائے یا ہاتھ سے چھوٹ جائے یا تین سیکنڈ سے زیادہ دیر تک فریزبی روکے رکھے یا تین قدم سے زیادہ رننگ کرے تو یہ فاؤل شمار ہوگا اور جہاں پاس گرا پاس میں تین سیکنڈ سے زیادہ تاخیر کی، تین قدموں سے زیادہ رننگ کی وہاں سے مخالف ٹیم کا ایک کھلاڑی فری پاس لے گا۔

فریزبی کے تعارف کروانے کے بعد اس امر کی طرف توجہ دلانا بھی مقصود ہے کہ ہر چیز اپنی جگہ ہی اچھی اور مناسب معلوم ہوتی ہے۔ کھیل جو انسانی زندگی کا ایک لازمی جزو ہے۔ وہ بھی کھیل کے میدان میں ہی اچھا اور مناسب معلوم دیتا ہے۔فریزبی کا کھیل جنہیں پسند ہے وہ ضرور یہ کھیلیں لیکن کھیل کے میدان میں نہ کہ گلیوں اور بازاروں میں۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 54548 میں لئیق احمد

ولد چوہدری منور احمد قوم گجر پیشہ ملازمت عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ نقد رقم -/60000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/9500 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد لئیق احمد گواہ شد نمبر 1 شفیق احمد ولد چوہدری منور احمد گواہ شد نمبر 2 عزیز احمد سعید مربی سلسلہ ولد چوہدری منور احمد

مسل نمبر 54549 میں صائمہ کوثر

بنت نسیم احمد قوم شیخ پیشہ خانہ داری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر غربی اقبال ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 20-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ صائمہ کوثر گواہ شد نمبر 1 محمد سعید طارق ولد میاں خوشی محمد گواہ شد نمبر 2 حافظ عطاء الاول وصیت نمبر 34829

مسل نمبر 54550 میں حافظہ غزالہ کنول

بنت نسیم احمد قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر غربی اقبال ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 20-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ غزالہ کنول گواہ شد نمبر 1 محمد سعید طارق ولد میاں خوشی محمد گواہ شد نمبر 2 حافظ عطاء الاول وصیت نمبر 34829

مسل نمبر 54551 میں نوشین شیخ

بنت نسیم احمد قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر غربی اقبال ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 20-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ نوشین شیخ گواہ شد نمبر 1 محمد سعید طارق ولد میاں خوشی محمد گواہ شد نمبر 2 حافظ عطاء الاول وصیت نمبر 34824

مسل نمبر 54552 میں ریحانہ مبارک

بیوہ مبارک احمد شاہد مرحوم قوم جٹ پیشہ عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 23-11-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ طلائی کانٹے مالیتی -/5000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ریحانہ مبارک گواہ شد نمبر 1 مبارک علی ولد سراج دین مرحوم گواہ شد نمبر 2 مدثر احمد بشارت ولد میر غلام محمد کشمیری

مسل نمبر 54553 میں بینش انعم

بنت میر مبشر احمد ناصر قوم میر کشمیری پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی نمبر 1 ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-11-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ بینش انعم گواہ شد نمبر 1 میر مبشر احمد ناصر والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 میر غلام محمد ولد محمد عبداللہ

مسل نمبر 54554 میں نائلہ بشریٰ

بنت اعجاز احمد گھمن قوم گھمن پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ طلائی بالیاں بوزن 5 گرام مالیتی -/4350 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ نائلہ بشریٰ گواہ شد نمبر 1 اعجاز احمد گھمن والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 وقار احمد گھمن ولد مختار احمد گھمن

مسل نمبر 54555 میں سدرہ اعجاز

بنت اعجاز احمد گھمن قوم گھمن پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سدرہ اعجاز گواہ شد نمبر 1 اعجاز احمد والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 وقار احمد گھمن ولد مختار احمد گھمن

مسل نمبر 54556 میں منزہ مقبول

زوجہ مقبول احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر آباد شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 21-11-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 10 تولے اندازاً مالیتی -/100000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ منزہ مقبول گواہ شد نمبر 1 مقبول احمد خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 بشیر احمد عارف وصیت نمبر 33077

مسل نمبر 54557 میں ذیشان احمد خان

ولد محمد رضی الدین خان قوم پٹھان پیشہ ملازمت عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ریواز گارڈن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 9-11-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ذیشان احمد خان گواہ شد نمبر 1 عمران احمد خان ولد محمد رضی الدین خان گواہ شد نمبر 2 فیضان احمد خان ولد محمد رضی الدین خان

مسل نمبر 54558 میں ڈاکٹر عائشہ عاطف

زوجہ عاطف مسعود شاہد قوم اعوان پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لاہور کینٹ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 13-10-05 میں

وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند -/250000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور 65.34 تولے اندازاً مالیتی -/650000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تا زیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ڈاکٹر عائشہ عاطف گواہ شد نمبر 1 عاطف مسعود شاہد خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 اسامہ مصطفیٰ غلام مصطفیٰ ملک

مسل نمبر 54559 میں منور بیگم

